ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

ٹرائی جنکشن بارڈر پر سیکیورٹی کو غیر معمولی بنایا جائے۔ (آئی جی سندھ)

کراچی 16 مارچ 2021ء:۔

آئی جی سندھ کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ہونیوالے ویڈیو لنک اجلاس میں سندھ کے ٹرائی جنکشن بارڈر پر سیکیورٹی صورتحال اور اس تناظر میں پولیس اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مزید ضروری ہدایات دی گئیں۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سندھ، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ، ڈی آئی جی لاڑکانہ، ڈی آئی جی I.T سی پی او، ڈی آئی جی T&T، ڈی آئی جی پیر محمد شاہ اور اے آئی جی ویلفیئر سندھ نے براہِ راست جبکہ لاڑکانہ اور کشمور کے ایس ایس پیز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پیز لاڑکانہ و کشمور کو ہدایات دیں کہ دستیاب افرادی قوت کو مکمل طور پر بروئے کار لاتے ہوئے ٹرائی جنکشن بارڈر پر ڈپلائمنٹ پلان کو مؤثر اور غیر معمولی بنا کر سیکیورٹی اقدامات کو مزید ٹھوس اور مربوط بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائی جنکشن بارڈر سے ملحقہ تھانہ جات، پولیس پوسٹ کے لیئے درکار تعمیراتی/مرمت کے جملہ اقدامات/امور کو آئندہ مالی سال کے بجٹ میں شامل کیا جائے جبکہ جیکب آباد میں قائم پولیس پوسٹ آر ڈی 44 کی فوری طور پر مرمت/تزئین و آرائش کی جائے۔ آئی جی سندھ نے مزید ہدایات میں کہا کہ ٹرائی جنکشن بارڈر پر موجود تھانہ جات میں دستیاب پاور جنریٹرز، وائرلیس اور دیگر کمیونیکشن آلات کو اندرونِ پندرہ یوم مرمت کرواتے ہوئے قابلِ عمل/استعمال بنایا جائے۔

آئی جی سندھ نے ڈی آئی جی لاڑکانہ، ایس ایس پیز کشمور و لاڑکانہ پر زور دیتے ہوئے ٹرائی بارڈر سیکیورٹی فرائض پر مامور فورس کی بورڈنگ، لاجنگ، انکے لیئے طعام، پینے کے صاف پانی کی دستیابی/فراہمی سمیت انکی فلاح و بہبود کے دیگر ضروری اقدامات کو یقینی بنانے کے لیئے احکامات صادر فرمائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ ٹرائی جنکشن بارڈر پر سندھ کو دیگر صوبوں سے ملانیوالی شاہراہوں، داخلی و خارجی پوائنٹس، پیدل راستوں پر ریکی، نگرانی، سرچنگ سمیت پیٹرولنگ اور اسنیپ چیکنگ کے ساتھ ساتھ مشکوک گاڑیوں اور مشتبہ افراد پر نگاہ رکھنے کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے۔

-:-:-:-:-::---:-:-:-:-